08-10-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ بی سی طبقات کیلئے 42 فیصد تحفظات کے معاملہ میں داخل کردہ درخواستوں پر تلنگانہ ہائی کورٹ میں معاملہ کی سماعت کل دوپہر تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔

۲۔ٹی فائبر پائلٹ مواضعات کوان کی کامیاب ڈیجیٹل شمولیت کیلئے قومی سطح پر تسلیم کیا گیا ہے۔

۳۔ بی آر ایس نے الزام عائد کیا ہے کہ حکومت، عمارتوں کے کرائے ادا نہ کرتے ہوئے ویلفیر گروکل تعلیمی اداروں کونظر انداز کررہی ہے۔

اور

۴۔تین اضلاع میں شدید بارش ہوسکتی ہے جبکہ حیدرآباد میں آج اورکل جمعرات کواوسط بارش کاامکان ہے۔

GROUP-I:

تلنگانہ جاگروتی کی صدر کے کویتا نے آج حکومتِ تلنگانہ اور ریاستی پبلک سرویس کمیشن سے گروپ I امتحانات کومنسوخ کرنے اور بیروزگارنوجوانوں کے ساتھ انصاف کیلئے امتحانات دوبارہ منعقدکرنے کا مطالبہ کیا ہے۔کویتا نے حیدرآباد کے گن پارک میں ایک احتجاج کی قیادت کی اور الزام عائد کیا کہ گروپ I امتحانات کے انعقاد میں بے قاعدگیاں ہوئی ہیں۔انہوں نے یہ مطالبہ بھی کیا کہ تقررات کا عمل فوری طور پر روکتے ہوئے امتحانات دوبارہ منعقد کئے جائیں۔

GUIDLINES:

سائبرآباد اور رچہ کنڈہ پولیس کمشنریٹس نے دیوالی تہوار کے پیش نظر آتش بازی کی اشیاء کی فروخت اور انہیں رکھنے کے سلسلہ میں جزوقتی طور پرانفرادی افراد اورتاجروں کیلئے علیحدہ اعلامیہ جاری کیا ہے۔اِس اعلامیہ کے مطابق درخواست گزار کے پاس بہرصورت دھماکہ خیز اشیاء کے قانون 1884 اوردھماکہ خیز

قوانین 1993ء (2008ء میں کی گئی ترمیم) کے تحت لائسنس ہونا چاہئے۔ لائسنس، زونل ڈپٹی کمشنرس آف پولیس کی جانب سے جاری کئے جائیں گے جبکہ درخواست گزاروں کو اس ماہ کی 16 تاریخ یا اس سے پہلے cyberabadpolice.gov.in یا cybpms.telangana.gov.in پر ہی درخواستیں دینی ہوں گی۔ کسی بھی طرح کی خلاف ورزی پر سخت کارروائی کی جائے گی۔

BUDHAVARM BODHANA:

کریم نگر کی ضلع کلکٹر پا میلا ستا پتی نے آج عہدیداروں سے کہا ہے کہ بودھاورم بودھنا پروگرام کے تحت طلبہ کو مشکل اسباق کی تعلیم دی جائے۔ انہوں نے ناگنور ضلع پریشد ہائی اسکول میں دسویں جماعت کے انگریزی سبق کی ٹیچنگ کے عمل کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے طلبہ کو اس سبق کے اہم پوائنٹس سکھائے۔

JUBILEE HILLS:

حلقہ اسمبلی جوبلی ہلز کے لئے سیاسی جماعتوں نے اپنے امیدواروں کے انتخاب کے عمل میں تیزی پیدا کردی ہے۔ بی جے پی کی تین رکنی کمیٹی نے سینئر لیڈرس کے ساتھ مشاورت کے ذریعہ پارٹی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ کو رپورٹ پیش کردی ہے۔ کانگریس پارٹی نے بھی تین ناموں کو قطعیت دی ہے اور توقع ہے کہ ایک یا دو دن میں امیدوار کے نام کا اعلان کیا جائے گا۔ بی آر ایس کی جانب سے پہلے ہی ایم گوپی ناتھ کی بیوہ ایم سنیتا کو امیدوار نامزد کیا جا چکا ہے۔ گوپی ناتھ کی موت سے جوبلی ہلز میں ضمنی انتخاب ضروری ہوگیا ہے۔

WEATHER

محکمہ موسمیات کے عہدیداروں نے آج انتباہ دیا ہے کہ ریاست کے چند اضلاع میں شام تک بادل چھائے رہنے کے ساتھ ساتھ بعض مقامات پر تیز اور موسلا دھار بارش کا امکان ہے۔ جن اضلاع میں

بارش متوقع ہے ان میں یادادری بھونگیر، نلگنڈہ، رنگاریڈی، ناگرکرنول، محبوب نگر، ونپرتھی، نارائن پیٹ، گدوال اور بھدرادری کوتہ گوڑم شامل ہیں۔ محکمہ موسمیات کے مطابق حیدرآباد کے شمالی اور وسطی حصوں میں تیز ہواؤں کے ساتھ اوسط درجہ کی بارش ہونے کے امکانات ظاہر کئے گئے ہیں۔

BYE-POLL:

حیدرآباد کے ڈسٹرکٹ الیکشن آفیسر اور جی ایچ ایم سی کے کمشنر آر وی کرنن نے آج زور دیتے ہوئے کہا کہ جوبلی ہلز اسمبلی حلقے کے ضمنی انتخابات سے متعلق تمام سیاسی اشتہارات کو میڈیا سرٹیفکیشن اینڈ مانیٹرنگ کمیٹی (MCMC) کی پیشگی منظوری کے بغیر شائع یا نشر نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے جی ایچ ایم سی ہیڈ آفس میں MCMC اور میڈیا سنٹر کا افتتاح کیا اور بتایا کہ تمام الیکٹرانک میڈیا، کیبل نیٹ ورکس، سوشیل میڈیا، ای پیپرس، ریڈیو اور دیگر آن لائن پلیٹ فارمز پر شائع یا نشر کیے جانے والے اشتہارات کے لیے انتخابی شیڈول کے اعلان کے بعد کمیٹی کی پیشگی اجازت ضروری ہے۔

PADDY:

نلگنڈہ ضلع کلکٹر ایلا تری پتھی نے کسانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ معیاری دھان خریداری مراکز پر لائیں تاکہ انہیں کم از کم امدادی قیمت (MSP) حاصل ہو سکے۔ تری پتھی زرعی کوآپریٹو سوسائٹی کے زیر اہتمام تری پتھی میں دھان خریداری مرکز کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ اگر دھان میں نمی 17 فیصد سے زیادہ نہ ہو تو ادائیگی 72 گھنٹوں کے اندر کی جائے گی۔ انہوں نے مزید بتایا کہ گزشتہ سال خریداری مرکز نے 75 ہزار میٹرک ٹن دھان خریدی تھی۔

NACS:

نیشنل اکیڈیمی برائے سائبر سیکورٹی نے سائبر سیکورٹی اینڈ اتھیکل ہیکنگ میں آن لائن ٹریننگ پروگرام کیلئے ریاست بھر میں اہل امیدواروں سے آن لائن درخواستیں طلب کی ہیں۔ اکیڈیمی کی

جانب سے مختلف کورسس بشمول ڈپلومہ، سائبر سیکورٹی آفیسر، ماسٹر پروگرام کی پیشکش کی جارہی ہے۔ جن کی مدت چھ مہینہ سے ایک سال رہے گی۔ کامیاب امیدواروں کو حکومت کا مسلمہ سرٹیفکیٹ دیا جائے گا۔ انٹرمیڈیٹ، ڈپلومہ، ڈگری، انجینئرنگ یا پی جی کامیاب امیدوار درخواستیں داخل کرنے کے اہل ہیں۔ درخواستیں آن لائن www.nacsindia.org پر داخل کی جاسکتی ہیں جبکہ دیگر تفصیلات کیلئے فون نمبر 7893141797 پر ربط کیا جاسکتا ہے۔

BRS:

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے باوقار ویلفیر گروکل تعلیمی اداروں کے بند ہوجانے کے لئے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اور ریاستی حکومت کو ذمہ دار ٹھہرایا ہے۔ ان عمارتوں کا کرایہ ادا نہ کرنے کے سبب ادارے بند ہونے کے قریب ہے۔ کے ٹی آر نے کہا کہ گروکل اسکولوں کا بند ہونا تلنگانہ حکومت کا ایک سیاہ باب ہے۔ انہوں نے سی ایم پر الزام لگایا کہ وہ اس سلسلہ میں لاپرواہی کررہے ہیں۔

PM DHAN DHANYA PROGRAMME

جنگاؤں کے کلکٹر نے آج اس یقین کا اظہار کیا ہے کہ ضلع میں پردھا منتری دھن دھنیا کرشی یوجنا پروگرام کو کامیابی کے ساتھ نافذ کیا جائے گا۔ مرکزی وزارتِ زراعت اور نیتی آیوگ کی جانب سے منعقدہ ایک ویڈیو کانفرنس میں انہوں نے کہا کہ بودھن کو تلنگانہ میں اس اسکیم کو نافذ کرنے کے لئے منتخب کیا گیا ہے۔ انہوں نے زراعت کے متعلقہ عہدیداروں سے کہا کہ متعلقہ محکموں کے ساتھ تعاون کے ذریعہ بہتر نتائج حاصل کرنے کی کوشش کریں۔

COUGH SYRUP:

ریاستی ڈرگس کنٹرول ادمنسٹریشن کو ڈرگ ٹیسٹنگ لیباریٹری، حکومت مدھیہ پردیش، بھوپال کی جانب سے ایک الرٹ ملا ہے کہ لیباریٹری کی رپورٹس میں یہ واضح کیا گیا کہ کھانسی کے دو سیرپ میں کافی

نقصانات پائے گئے ہیں۔ اس میں ایک ریلیف کھانسی سیرب ہے جس کا بیچ نمبر LSL25160 ہے جسے ایم ایس شیپ فارما پرائیوٹ لمیٹڈ گجرات کی جانب سے تیار کیا گیا ہے جبکہ ایک اور سیرپ کو ایم ایس ریڈنکس فارماسوٹیکلس کی جانب سے تیار کیا گیا ہے۔

POSHAN MAAH:

پوشن ماہ مہم کے تحت ضلع ملگو میں واقع آنگن واڑی مراکز میں ماؤں اور حاملہ خواتین میں تغذیہ والی غذاؤں کے تعلق سے شعور بیدار کیا جارہا ہے۔ چائلڈ ڈیولپمنٹ پراجکٹ آفیسر پریم لتا کی جانب سے سرکاری دواخانہ میں تغذیہ والی غذاؤں کی ایک نمائش منعقد کی گئی۔ تغذیہ بخش غذاؤں کی اہمیت پر اظہار کرتے ہوئے سی پی ڈی او پریم لتا نے کہا ہے کہ۔۔۔۔

SOUND BYTE CPDO

T-FIBER:

تلنگانہ کے ٹی فائبر پائلٹ مواضعات کو دہلی میں منعقدہ انڈیا موبائل کانگریس کے دوران ان کی ڈیجیٹل شمولیت کیلئے تسلیم کیا گیا ہے۔ مرکزی وزیر جوتر آدتیہ سندھیا نے اِس اقدام کو دیگر ریاستوں کیلئے مثالی قرار دیا اور ریاست تلنگانہ کو مبارکباد دی۔ اس پروگرام میں تلنگانہ کے آئی ٹی وزیر سریدھر بابو نے بھی شرکت کی۔

SURVARAM

ریاستی وزیر سیاحت جو پلی کرشنا راؤ نے آج سی پی آئی کے سابق قومی جنرل سکریٹری سودھا کر ریڈی کی ڈسپلن اور سنجیدگی اور خدمات کو یاد کیا۔ کولھا پور میں منعقدہ ایک یادگاری پروگرام میں انہوں نے سدھا کر ریڈی کی قائدانہ صلاحیتوں کو یاد کیا۔ اس پروگرام مختلف پارٹیوں نے بھی شرکت کی۔

Lead HC-BC RESERVATIONS:

تلنگانہ ہائی کورٹ نے ادارہ جات مقامی میں 42 فیصد بی سی تحفظات کے مقدمہ کے تحت سماعت کو کل دوپہر 2 بجکر 15 منٹ تک کیلئے ملتوی کردیا ہے۔ چیف جسٹس اپاریش کمار سنگھ کی زیر قیادت ڈویژنل بنچ نے آج لنچ کے بعد اس معاملہ کی سماعت کی۔ ہائی کورٹ نے اس سلسلہ میں سماعت کیلئے مختلف درخواستوں کو یکجا کیا ہے۔ واضح رہے کہ ریاستی الیکشن کمیشن نے ادارہ جات مقامی انتخابات کے شیڈول کا اعلان کیا ہے جس کے تحت پہلے مرحلہ کے لئے اعلامیہ کل جاری کیا جائے گا۔ اسی دوران کانگریس راجیہ سبھا رکن اور سینئر وکیل ابھیشیک منوسنگھوی نے ریاستی حکومت کی جانب سے مقدمہ پیش کیا۔ چیف جسٹس نے واضح کیا کہ تمام درخواستوں کی مشترکہ سماعت کی جائے گی۔ انہوں نے سپریم کورٹ میں اسی مسئلے پر دائرعرضی کی تفصیلات طلب کیں اور مشاہدہ کیا کہ سپریم کورٹ نے یہ کہتے ہوئے عرضی خارج کردی کہ یہ معاملہ ہائی کورٹ میں ہی نمٹایا جانا چاہیے۔ سماعت دوپہر کے بعد بھی جاری رہی۔

OO